SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ ایکٹ نمبر VII مجریہ ۱۹۸۵

SINDH ACT NO.VII OF 1985

اسٹیمپ (سندھ ترمیم) ایکٹ، ۱۹۸۵

THE STAMP (SINDH AMENDMENT) ACT, 1985

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)
دفعات (Sections)
۱۔ مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement
۲۔ ۱۸۹۹ ایکٹ II کی دفعہ ۲ کی ترمیم
Amendment of section 2 Act II of 1899

سندھ ایکٹ نمبر VII مجریہ ۱۹۸۵
SINDH ACT NO.VII OF 1985
اسٹیمپ (سندھ ترمیم) ایکٹ، ۱۹۸۵
THE STAMP (SINDH AMENDMENT) ACT, 1985

[۱۶ دسمبر ۱۹۸۵]

ایکٹ جس کے ذریعے سندھ صوبہ میں نافذ کرنے کے لیئے اسٹیمپ ایکٹ، ۱۸۹۹ میں ترمیم کی جائے گی۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ سندھ صوبہ میں نافذ کرنے کے لیئے اسٹیمپ ایکٹ، ۱۸۹۹ میں ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی؛

اس کو اس طرح بنا کر نافذ کیا جائے گا:

مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۱۔ (۱) اس ایکٹ کو اسٹیمپ (سندھ ترمیم) ایکٹ، ۱۹۸۵ کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

۱۸۹۹ ایکٹ II کی دفعہ ۲ کی ترمیم

Amendment of section 2 Act II of 1899

۲۔ سندھ صوبہ میں اسٹیمپ ایکٹ، ۱۸۹۹ کی دفعہ ۲ میں، شق (۲۲) کے بعد مندرجہ ذیل نئی شقیں شامل کی جائیں گی:

"(22-A) 'پبلک آفیس' میں شامل ہیں سرکاری آفیس، لوکل کاؤنسل کی آفیس، مقامی اختیاری، اسٹیچوٹری کارپوریشن یا وفاقی یا صوبائی حکومت کی طرف سے بنائی گئی اسی قسم کی باڈی یا متعلقہ کاروباری یا صنعتی، پھر وہ فرد واحد کی مالکی میں ہو یا شراکت میں، جو بیس سے زائد ملازمین پر مشتمل ہو، باڈی جو وقتی طور پر نافذ کمپنی لا یا کوآپریٹو سوسائٹی کے تحت رجسٹر کی گئی ہو؛

(22-B) 'پبلک آفیسر' میں شامل ہے پبلک آفیس کا ایک آفیسر انچارج۔"۔

نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔